# University of Health Sciences Lahore

# MBBS & BDS Admissions

## Government Medical & Dental Colleges of Punjab
## Session 2024-2025

In compliance with the Admission Policy issued by the Specialized Healthcare & Medical Education Department, Government of Punjab, on October 10, 2024, the University of Health Sciences (UHS), Lahore, hereby invites online applications from eligible candidates for admission to the MBBS and BDS programs in the following government medical and dental colleges in Punjab for the 2024-25 academic session:

| **Medical Colleges** (In alphabetical order) | |
|---|---|
| Allama Iqbal Medical College, Lahore | Nishtar Medical College, Multan |
| Ameer-ud-Din Medical College, Lahore | Punjab Medical College, Faisalabad |
| D.G. Khan Medical College, Dera Ghazi Khan | Quaid-e-Azam Medical College, Bahawalpur |
| Fatima Jinnah Medical College (for Women), Lahore | Rawalpindi Medical College, Rawalpindi |
| Gujranwala Medical College, Gujranwala | Sahiwal Medical College, Sahiwal |
| Khawaja Muhammad Safdar Medical College, Sialkot | Sargodha Medical College, Sargodha |
| King Edward Medical College, Lahore | Services Institute of Medical Sciences, Lahore |
| * Narowal Medical College, Narowal | Sheikh Zayed Medical College, Rahimyar Khan |
| Nawaz Sharif Medical College, Gujrat | |

** Subject to the approval by the PM&DC*

| **Dental Colleges** (In alphabetical order) | |
|---|---|
| de'Montmorency College of Dentistry, Lahore | Nishtar Institute of Dentistry, Multan |
| Dental Institute, Punjab Medical College, Faisalabad | |

1. **<u>ELIGIBILITY CRITERIA:</u>**

   i. The candidate must have passed the MDCAT-2024 examination, achieving a minimum score of 55% (110/200) for MBBS admissions and 50% (100/200) for BDS admissions. For foreign candidates and Overseas Pakistanis who completed the HSSC (12th grade) or equivalent qualification abroad and are applying on reserved seats, MDCAT scores, or alternatively SAT-II scores with a minimum of 550 in Biology, Chemistry, and Physics/Mathematics, or MCAT (USA) or UCAT (UK) scores with at least 50% in these subjects, may be submitted.

   Candidates may also use their MDCAT-2023 results for admission to the 2024-25 session. If a candidate has taken both MDCAT-2023 and MDCAT-2024, he/she can use the better scores.

ii. Applicants must possess a Higher Secondary School Certificate (HSSC) in the Pre-Medical Group or an equivalent 12th-grade qualification recognized in Pakistan (IBCC equivalence certificate required), with a minimum of 60% marks. The candidate must have passed the subjects of Biology, Chemistry, and either Physics or Mathematics.

iii. A domicile certificate from any district of Punjab is mandatory.

iv. Applicants seeking admission under quota seats must meet the additional eligibility requirements specified in the Prospectus.

**2. MERIT CALCULATION FORMULA:**

The weightage criteria for calculation of merit for admission shall be as follows:

| | | |
|---|---|---|
| Matriculation/SSC/Equivalent | – | 10% |
| F.Sc./HSSC Pre-Medical / Equivalent | – | 40% |
| MDCAT | – | 50% |

**3. HOW TO APPLY:**

i. Review the Prospectus and the Admission Policy issued by the Government of Punjab for the 2024-25 session available on the UHS website (www.uhs.edu.pk) thoroughly.

ii. Access the UHS Online Admission Portal (Separate for MBBS and BDS programs):

**For MBBS: http://public-mbbs.uhs.edu.pk**

**For BDS: http://public-bds.uhs.edu.pk**

iii. Register by providing your Name, Father/Guardian’s Name, Email ID, CNIC/Passport/CRC Number, and a Password.

iv. Upon logging in, select the seat category/categories for which you are eligible.

v. Complete the application form with personal details, including name, domicile, contact information, address, nationality, gender, date of birth, etc.

vi. Enter educational qualifications, such as SSC and HSSC marks, year of passing, subjects, etc.

vii. Provide details of MDCAT or other relevant admission test scores.

viii. Choose all colleges in order of preference from the dropdown menu; ALL options must be selected according to the seat category.

ix. Upload scanned copies of required documents, ensuring each file is clear, legible, and does not exceed one MB in size.

x. Review and acknowledge the Undertaking before submission.

xi. Generate a fee challan of Rs. 2000/- for the non-refundable application processing fee and deposit it at the Bank of Punjab (BOP) via branch banking or 1Bill. Upload the paid challan receipt.

xii. Download, print, and review the application before final submission. Submit the online application once all information is confirmed to be accurate. A confirmation will be sent via email.

xiii. Modifications to the application may be made before the deadline; no changes are permitted after submission deadline.

## 4. ADMISSION SCHEDULE:

| Sr No. | Description | Schedule | |
|---|---|---|---|
| | | **MBBS** | **BDS** |
| 1. | Online Application (Start Date) | Monday, 21st October, 2024 (from 09:00 AM) | Wednesday, 20th November, 2024 (from 09:00 AM) |
| 2. | Online Application (Closing Date) | Monday, 4th November, 2024 (at 04:00 PM) | Wednesday, 4th December, 2024 (at 04:00 PM) |
| 3. | Medical Board for Students with Disabilities | 5th – 8th November, 2024 (at UHS City Campus Lahore) | 5th – 7th December, 2024 (at UHS City Campus Lahore) |
| 4. | Provisional Order of Merit | Monday, 11th November, 2024 | Monday, 9th December, 2024 |
| 5. | Final Order of Merit | Thursday, 14th November, 2024 | Thursday, 12th December, 2024 |
| **Selection Lists** | | **MBBS** | **BDS** |
| 6. | First College-wise Selection List | Friday, 15th November, 2024 | Friday, 13th December, 2024 |
| 7. | Last date of submission of College Fee | By 20th November, 2024 | By 18th December, 2024 |
| 8. | Second Selection/Up-gradation List | Thursday, 21st November, 2024 | Thursday, 19th December, 2024 |
| 9. | Third Selection/Up-gradation List | Wednesday, 27th November, 2024 | Thursday, 26th December, 2024 |
| 10. | Commencement of classes | **Saturday, 1st February, 2025** | **Saturday, 1st March, 2025** |

## 5. IMPORTANT:

i. Applications must be submitted exclusively through the designated online portals (MBBS and BDS portals) as per the given schedule. Candidates bear full responsibility for submitting a complete online application with all necessary documents. Incomplete or improperly submitted applications shall be rejected. Hard copies are not acceptable.

ii. Any candidate found to have submitted forged, fabricated, or false documents/information shall have their application and admission cancelled immediately and disciplinary action may be taken against such candidates as per the provisions of the Prospectus.

iii. All Merit and Selection Lists will be published on the UHS website (www.uhs.edu.pk).

iv. Selected candidates must download their fee challans from the application portal and pay the fees at the Bank of Punjab (BOP) via branch banking or 1Bill. Failure to pay within the specified time will result in forfeiture of the admission and opportunity for upgradation.

v. Admission is confirmed only upon fulfillment of two conditions: (a) payment of the prescribed college fee and dues by the due date, and (b) joining at the respective college in-writing by the due date. Failure to comply with either condition will nullify the admission offer. Selected candidates will have three (03) working days to fulfill these requirements after the selection list is announced.

vi. Any vacant seats created due to non-joining of candidates shall be filled in the subsequent selection lists through upgradation process, based on merit and preferences. The upgradation process is mandatory, and no exceptions will be entertained. Upgraded candidates must report to their new college within the stipulated time. UHS will transfer their fees to the new college accordingly.

vii. Candidates who choose to apply to Narowal Medical College, Narowal, shall be required to submit an undertaking on the online portal, acknowledging that their admission will be contingent upon the approval of the college by the Pakistan Medical and Dental Council (PM&DC). In the event that the PM&DC does not grant approval to the college, the candidates shall not possess any vested right to admission.

**Prof. Dr. Ahsan Waheed Rathore**
Vice Chancellor
University of Health Sciences,
Khayaban-e-Jamia Punjab, Lahore-54600
Ph: 042-99231305-09

# یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور

# ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس داخلے

## پنجاب کے سرکاری میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں میں

## داخلہ برائے سیشن 25-2024

حکومتِ پنجاب کے محکمہ سپشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی 10 اکتوبر 2024ء کو جاری کردہ ایڈمیشن پالیسی کے تحت یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور کو صوبے کے درج ذیل سرکاری میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں میں ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس پروگرامز میں داخلہ برائے سیشن 25-2024ء کیلئے اہل امیدواروں سے آن لائن اپلی کیشن پورٹلز کے ذریعے درخواستیں مطلوب ہیں:

| میڈیکل کالجز (حروف تہجی کے اعتبار سے) | |
|---|---|
| امیرالدین میڈیکل کالج، لاہور | علامہ اقبال میڈیکل کالج، لاہور |
| پنجاب میڈیکل کالج، فیصل آباد | فاطمہ جناح میڈیکل کالج (برائے خواتین)، لاہور |
| خواجہ محمد صفدر میڈیکل کالج، سیالکوٹ | قائداعظم میڈیکل کالج، بہاولپور |
| ڈی جی خان میڈیکل کالج، ڈیرہ غازی خان | کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج، لاہور |
| راولپنڈی میڈیکل کالج، راولپنڈی | گوجرانولہ میڈیکل کالج، گوجرانوالہ |
| سرگودھا میڈیکل کالج، سرگودھا | *نارووال میڈیکل کالج، نارووال |
| سروسز انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز، لاہور | نشتر میڈیکل کالج، ملتان |
| ساہیوال میڈیکل کالج، ساہیوال | نواز شریف میڈیکل کالج، گجرات |
| شیخ زید میڈیکل کالج، رحیم یار خان | |

*پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل کی منظوری سے مشروط

| ڈینٹل کالجز (حروف تہجی کے اعتبار سے) | |
|---|---|
| ڈی مونٹ مورنسی کالج آف ڈینٹسٹری، لاہور | نشتر انسٹی ٹیوٹ آف ڈینٹسٹری، ملتان |
| ڈینٹل انسٹی ٹیوٹ، پنجاب میڈیکل کالج، فیصل آباد | |

## (1) اہلیت:

(i) امیدوار کیلئے لازم ہے کہ اس نے ایم ڈی کیٹ 2024 امتحان پاس کیا ہوا۔ ایم بی بی ایس میں داخلے کیلئے کم از کم 55 فیصد (110/200) نمبرز اور بی ڈی ایس میں داخلے کیلئے کم از کم 50 فیصد (100/200) نمبروں کی شرط ہے۔ اور سیز پاکستانی اور غیر ملکی طلبہ جنھوں نے ہائیر سیکنڈری سکول سرٹیفیکیٹ یا مساوی اہلیت کا امتحان پاکستان سے باہر رہتے ہوئے پاس کیا ہوا، ایسے امیدوار ایم ڈی کیٹ کی جگہ SAT-II (بیالوجی، کیمسٹری اور فزکس/میتھ میں پاس کیا ہوا اور ہر مضمون میں کم از کم 550 نمبر حاصل کیے ہوں) یا پھر MCAT (امریکہ) یا UCAT (برطانیہ) (درج بالا مضامین میں سے ہر ایک میں کم از کم 50 فیصد نمبر حاصل کیے ہوں) کے سکورز استعمال کر سکتے ہیں۔ ایم ڈی کیٹ 2023 کے نتائج بھی اس سال کے داخلوں کیلئے قابل استعمال ہیں۔ اگر امیدوار نے 2023ء اور 2024ء دونوں ایم ڈی کیٹ دے رکھے ہوں تو وہ بہتر سکورز استعمال کر سکتا ہے۔

(ii) امیدوار نے ہائیر سیکنڈری سکول سرٹیفیکیٹ یا مساوی اہلیت کا بارہویں کا امتحان کم از کم **60** فیصد نمبروں کے ساتھ پاس کیا ہوا۔ غیر ملکی کوالیفکیشن ہونے کی صورت میں آئی بی سی سی کی ایکوویلنس لازمی ہے۔ 12 ویں جماعت کے امتحان میں امیدوار کے پاس کردہ مضامین میں بیالوجی، کیمسٹری اور فزکس/میتھ کا ہونا لازمی شرط ہے۔

(iii) امیدوار کے پاس پنجاب کے کسی ضلع کا ڈومیسائل ہونا لازمی ہے۔

(iv) کوٹہ کی سیٹوں (Quota Seats) پر داخلے کیلئے امیدوار کو پراسپیکٹس میں دی گئی اضافی شرائط کو بھی پورا کرنا ہوگا۔

## (2) میرٹ کا فارمولہ:

داخلوں کیلئے میرٹ درج ذیل فارمولہ سے بنایا جائے گا:

| | | |
|---|---|---|
| میٹرک/ایس ایس سی/مساوی امتحان | - | 10 فیصد |
| ایف ایس سی/ایچ ایس ایس سی پری میڈیکل/مساوی | - | 40 فیصد |
| ایم ڈی کیٹ | - | 50 فیصد |

## (3) درخواست دینے کا طریقہ:

(i) یو ایچ ایس کی ویب سائیٹ (www.uhs.edu.pk) پر موجود پراسپیکٹس اور حکومت پنجاب کی جاری کردہ ایڈمیشن پالیسی سیشن 25-2024 کا بغور مطالعہ کریں۔

(ii) مقررہ تاریخ پر یو ایچ ایس کی ویب سائیٹ پر موجود سرکاری میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں کے علیحدہ علیحدہ آن لائن ایڈمیشن پورٹل پر جائیں:

**ایم بی بی ایس کیلئے http://public-mbbs.uhs.edu.pk**

**بی ڈی ایس کیلئے http://public-bds.uhs.edu.pk**

(iii) اپنے نام، والد/سرپرست کے نام، اپنے ای میل آئی ڈی، سی این آئی سی/پاسپورٹ/ب فارم نمبر اور پاس ورڈ کی مدد سے اکاؤنٹ بنائیں۔

(iv) لاگ اِن کرنے کے بعد اپنی اہلیت کے مطابق سیٹوں کی ایک یا زیادہ کیٹیگریز سلیکٹ کریں۔

(iv) اگلے مرحلے میں فارم پر اپنی ذاتی تفصیلات جیسے نام، ڈومیسائل کا ضلع، رابطہ نمبر، پتہ، قومیت، جنس، تاریخ پیدائش وغیرہ کا اندراج کریں۔

(vi) بعدازاں اپنے میٹرک اور ایف ایس سی کے نمبر اور دیگر تفصیلات جیسے پاس کرنے کا سال، مضامین/سٹڈی گروپ وغیرہ درج کریں۔

(vii) اپنے ایم ڈی کیٹ یا متبادل ایڈمیشن ٹیسٹوں (صرف اور سیز پاکستانی ہونے کی صورت میں) کی تفصیلات درج کریں۔

(viii) تمام میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں کیلئے اپنی چوائس دیں۔امیدوار کیلئے سیٹ کی کیٹیگری کے لحاظ سے تمام کالجز بلحاظ ترجیح سلیکٹ کرنا لازمی ہے۔

(ix) اگلے مرحلے میں اپنی ضروری دستاویزات کی سکین تصاویر اپ لوڈ کریں۔اس بات کو یقینی بنائیں کہ ہر دستاویز کا فائل سائز ایک ایم بی سے زیادہ نہ ہو۔ ہر تصویر واضح ہو اور اس پر درج معلومات آسانی سے پڑھی جاسکتی ہوں۔

(x) الیکٹرانک بیان حلفی/اقرار نامہ کو پڑھ کر اس کو تسلیم کریں۔

(xi) اپلی کیشن پراسنگ فیس مبلغ 2 ہزار روپے (نا قابلِ واپسی) کا چالان نکالیں۔ یہ چالان آپ بینک آف پنجاب کی کسی بھی شاخ میں جا کر یا 1Bill کے ذریعے آن لائن جمع کرا سکتے ہیں۔ادا شدہ چلان کی رسید بھی درخواست پورٹل پر اپ لوڈ کریں۔

(xii) جمع کرانے (Submit) سے قبل اپنی آن لائن درخواست ڈاؤن لوڈ کر کے اس کا پرنٹ لیں اور احتیاط سے اس کا جائزہ لیں۔ جب اس بات کو یقینی بنالیں کہ درخواست ہر طرح سے مکمل اور ٹھیک ہے تو اب آپ اپنی درخواست Submit کر سکتے ہیں۔ درخواست Submit کرتے ہی آپ کو آپ کے ای میل ایڈریس پر اس حوالے سے پیغام موصول ہو جائے گا۔

(xiii) دھیان رہے کہ آپ اپنی Submit کی گئی درخواست کو بھی آخری تاریخ تک ایڈیٹ یا تبدیل کر سکتے ہیں۔تاہم درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ کے بعد کوئی تبدیلی ممکن نہیں ہوگی۔ جو درخواست سب سے آخر میں Submit ہوگی وہی داخلے کیلئے زیرِ غور لائی جائے گی۔

## (4) سرکاری اداروں کیلئے داخلہ شیڈول برائے سیشن 2024-25

| نمبر شمار | تفصیل | شیڈول | |
|---|---|---|---|
| | | ایم بی بی ایس | بی ڈی ایس |
| 1 | آن لائن درخواست (شروع ہونے کی تاریخ) | سوموار، 21 اکتوبر، 2024ء (صبح 09:00 بجے سے) | بدھ، 20 نومبر، 2024ء (صبح 09:00 بجے سے) |
| 2 | آن لائن درخواست (اختتامی تاریخ) | سوموار، 4 نومبر 2024ء (شام 04:00 بجے تک) | بدھ، 4 دسمبر 2024ء (شام 04:00 بجے تک) |
| 3 | جسمانی معذوری کا شکار امیدواروں کا میڈیکل بورڈ | 5 نومبر تا 8 نومبر 2024ء (یو ایچ ایس سٹی کیمپس لاہور) | 5 دسمبر تا 7 دسمبر 2024ء (یو ایچ ایس سٹی کیمپس لاہور) |
| 4 | عبوری میرٹ لسٹ | سوموار، 11 نومبر 2024ء | سوموار، 9 دسمبر 2024ء |
| 5 | حتمی میرٹ لسٹ | جمعرات، 14 نومبر 2024ء | جمعرات 12 دسمبر 2024ء |

| | | سلیکشن لسٹ | ایم بی بی ایس | بی ڈی ایس |
|---|---|---|---|---|
| -6 | پہلی سلیکشن لسٹ بالحاظ کالج | | جمعہ، 15 نومبر 2024ء | جمعہ، 13 دسمبر 2024ء |
| -7 | کالج فیس جمع کرانے کی آخری تاریخ | | 20 نومبر 2024ء تک | 18 دسمبر 2024ء تک |
| -8 | دوسری سلیکشن / اپ گریڈیشن لسٹ | | جمعرات، 21 نومبر 2024ء | جمعرات 19 دسمبر 2024ء |
| -9 | تیسری سلیکشن / اپ گریڈیشن لسٹ | | بدھ، 27 نومبر 2024ء | جمعرات، 26 دسمبر 2024 |
| -10 | کلاسز کا آغاز | | ہفتہ، یکم فروری 2025ء | ہفتہ، یکم مارچ 2025ء |

## (5) اہم نوٹ:

(i) درخواستیں صرف سرکاری کالجوں کے لیے مخصوص آن لائن پورٹل کے ذریعے ہی جمع ہوں گی۔ یہ پورٹل ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس کے لیے علیحدہ علیحدہ ہیں۔ اپنی آن لائن درخواست ہر طور مکمل اور تمام ضروری دستاویزات کے ساتھ جمع کرانا امیدوار کی ذمہ داری ہے۔ نامکمل اور بتائے گئے طریق کار کے برخلاف جمع کرائی گئی درخواستیں مسترد کر دی جائیں گی۔ درخواستوں کی پرنٹ کاپی قابل قبول نہیں ہوگی۔

(ii) جعلی یا خود ساختہ دستاویزات یا غلط / جھوٹی معلومات دینے والے امیدواروں کی درخواستیں / داخلے فوری طور پر منسوخ کر دیے جائیں گے اور ان کے خلاف پریسپٹکس کے مطابق تادیبی کاروائی بھی کی جا سکتی ہے۔

(iii) تمام میرٹ لسٹیں اور سلیکشن لسٹیں یو ایچ ایس کی آفیشل ویب سائیٹ (www.uhs.edu.pk) پر جاری کی جائیں گی۔

(iv) ایسے امیدوار جن کا نام سلیکشن لسٹ میں آجائے گا، انھیں کالج فیس کا چالان یو ایچ ایس کے آن لائن ایڈمیشن پورٹل سے ڈاؤن لوڈ کر کے مقررہ فیس بینک آف پنجاب کی کسی بھی برانچ میں یا 1Bill کے ذریعے آن لائن جمع کرانی ہوگی۔ مقررہ تاریخ تک فیس جمع نہ کرانے کی صورت میں امیدوار کا داخلہ منسوخ کر دیا جائے گا اور مزید سلیکشن لسٹوں سے بھی اس کا نام نکال دیا جائے گا۔

(v) صرف انہی امیدواروں کو 'داخل شدہ' سمجھا جائے گا جو درج ذیل دو مرحلے مکمل کریں گے: (الف) اوپر دیے گئے طریقے کے مطابق کالج فیس مقررہ مدت کے اندر جمع کرا دیں گے، اور (ب) مقررہ تاریخ تک اپنے متعلقہ کالج میں تحریری طور پر جوائننگ دے دیں گے۔ سلیکٹ کئے گئے امیدوار کو کالج فیس جمع کرانے کیلئے سلیکشن لسٹ لگنے کے بعد 3 دن (چھٹی کے دن نکال کر) کی مہلت دی جائے گی۔

(vi) دوسری اور اس کے بعد آنے والی سلیکشن لسٹوں میں خالی ہونے والی نشستوں کو اپ گریڈیشن کے عمل سے بھرا جائے گا۔ جس کی بنیاد میرٹ اور امیدوار کی ترجیح (Preference) ہوگی۔ اپ گریڈیشن کی صورت میں امیدوار کو مقررہ تاریخ تک اپنا پچھلا کالج چھوڑ کر نئے کالج میں رپورٹ کرنا ہوگا۔ یہ شرط لازمی نوعیت کی ہے اور اس میں کوئی رعایت نہیں دی جائے گی۔ یونیورسٹی اپ گریڈ ہونے والوں کی فیس ان کے متعلقہ کالجز کے اکاؤنٹس میں ٹرانسفر کر دے گی۔

(vii) پورٹل پر نارووال میڈیکل کالج نارووال کیلئے درخواست دینے والے امیدواروں کو ایک آن لائن اقرار نامہ جمع کرانا ہوگا جس میں وہ یہ بات تسلیم کریں گے کہ کالج ہذا میں ان کا داخلہ کالج کی پی ایم ڈی سی سے منظوری سے مشروط ہوگا اور اگر پی ایم ڈی سی نے اس کالج کو منظور نہ کیا تو ان کا اس کالج میں داخلہ پر کسی قسم کا حق نہ ہوگا۔


**پروفیسر ڈاکٹر احسن وحید راٹھور، وائس چانسلر**

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز

خیابان جامعہ پنجاب، لاہور

فون نمبر:042-99231305-09

/uhs.lhrofficial /uhs.lhrofficial /uhslhrofficial /uhslhrofficial www.uhs.edu.pk